## سوال

(69) اللہ کے نام ذبح کرنا عبادت ہے۔ اس کی کیا دلیل؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ کے نام ذبح کرنا عبادت ہے۔ اس کی کیا دلیل؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے پارہ نمبر 8 سورہ انعام میں فرمایا ہے۔

إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ١٦٢ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ

ترجمہ۔ بے شک میری نماز۔ میری قربانی۔ میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ رب العالمین کے لئے ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی بات کا مجھے حکم ملا ہے۔ اور میں پہلا مسلمان ہوں۔

حدیث میں ہے۔

لعن اللہ من ذبح لغیر اللہ

جو شخص غیر اللہ کے لئے جانور ذبح کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس پر لعنت کی ہے۔

(تنظیم اہل حدیث لاہور جلد 18 ش 22)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ علمائے حدیث**

**جلد13ص180**

محدث فتویٰ